BRAMPTON

Media Release

برائے فوری اجراء

# برامپٹن کی ریجنل کونسلر رووینا سینٹوس کو فیڈریشن آف کینیڈین میونسپلٹی بورڈ کی مدت برائے 2023-2024 کے لیے دوبارہ منتخب کر لیا گیا ہے

برامپٹن ، آن (29 مئی 2022) – فیڈریشن آف کینیڈین میونسپلٹیز (FCM) نے برامپٹن کی کونسلر رووینا سینٹوس کو مسلسل اپنی چوتھی مدت کے لیے اپنے بورڈ کے لیے منتخب کر لیا ہے۔

FCM کو 1901 کے بعد آج تک کینیڈا کی میونسپل گورنمنٹ کی ایک قومی آواز ہونے کا شرف حاصل ہے۔ اس کے ممبران میں ملک بھر سے 2,000 سے زیادہ میونسپلٹیز شامل ہیں، جو کینیڈا کے تمام باشندوں کی 90 فیصد سے زیادہ آبادی کی نمائندگی کرتی ہیں۔ اس متربہ فیڈریشن آف کینیڈین میونسپلٹیز کی سالانہ کانفرنس اور ٹریڈ شو کا انعقاد 25 تا 28 مئی تک ٹورنٹو میں ہوا اور اس سال کا موضوع تھا: *مقامی اقدامات، قومی نتائج۔*

کونسلر سینٹوس 2020 سے اب تک مسلسل FCM کے بورڈ میں خدمات انجام دے رہی ہیں۔ ابتداء سے ہی انسداد نسل پرستی اور مساوات کمیٹی کی وائس چیئر کے طور پر، وہ اس مقصد کو مضبوط تر بنانے اور مزید آگے بڑھانے کے لیے سب کے لیے ایک زیادہ جامع ماحول کو فروغ دینے کے لیے کوشاں ہیں۔

یہ کانفرنس ہر سال، سٹی آف برامپٹن کو اپنے اہم مسائل پر گفت و شنید کرنے اور وفاقی حکومت کی جانب سے فنڈنگ کے حصول میں مدد اور اپنے منصفانہ حصے کی فنڈنگ کی وکالت کرنے کا موقع فراہم کرتی ہے۔ 2023 کے لیے سٹی کی جدوجہد میں شامل اہم ترجیحات:

• نقل و حرکت کی بہتر عوامی سہولیات کی تعمیر کا عزم؛

• برامپٹن کے رہائشیوں کے لیے رہائش کے اختیارات میں اضافہ اور کمیونٹیز کی ترقی؛
• نقل و حرکت کے فعال بنیادی ڈھانچے اور ماحول دوست پروگراموں کو نافذ کرنے کے لیے فنڈنگ کا حصول؛
• موسمیاتی تبدیلی کی موافقت پذیری اور ان تبدیلیوں کو خوشگور ردعمل میں ڈھالنے کے لیے سرمایہ کاری کا حصول؛ اور،
• معاشی ترقی اور بحالی، ملازمتوں کے مواقع میں اضافہ اور ترقی کے لیے سرمایہ کاری کا حصول۔

سٹی کی جدوجہد کے بارے میں مزید معلومات سٹی آف برامپٹن کی ویب سائٹ پر دستیاب ہیں۔

**اقتباسات**

"کینیڈا بھر سے اپنے ساتھیوں کے ساتھ دوبارہ منتخب ہونا میرے لیے اعزاز کی بات ہے۔ ملک بھر میں جرات مندانہ اور مربوط جدوجہد کے ساتھ، قومی سطح پر خوشگوار نتائج کے حصول کے لیے ہم اپنے مقامی اقدامات کی مدد سے بلدیات کے لیے آواز اٹھانا جاری رکھ سکتے ہیں۔ سب کے لیے جامع جگہوں کی فراہمی اور معاون ماحول پیدا کرنے پر توجہ کے ساتھ، میں FCM کے ساتھ برامپٹن کے کام کو مزید ایک سال تک جاری رکھنے پر بہت خوش ہوں۔"
*- رووینا سینٹوس، ریجنل کونسلر، وارڈز 1 اور 5، سٹی آف برامپٹن*

"ہم کونسلر سینٹوس کی FCM کے بورڈ میں موجودگی پر بہت خوش ہیں، جس کی وجہ سے ہم اپنے اہم مسائل کو اجاگر کر سکتے ہیں اور پورے ملک کی کمیونٹیز میں بہتری لا سکتے ہیں۔برامپٹن سٹی کونسل کی جانب سے، میں کونسلر سینٹوس کو ایک بار پھر FCM بورڈ آف ڈائریکٹرز میں مزید ایک سال کے لیے خدمات انجام دینے کے لیے منتخب کیے جانے پر مبارکباد پیش کرتا ہوں۔"
*- پیٹرک براؤن، میئر، سٹی آف برامپٹن*

-30-

**کینیڈا میں تیز ترین رفتار سے بڑھنے والے شہروں میں سے ایک کے طور پر برامپٹن 700,000 سے زائد لوگوں اور 90,000 سے زائد کاروباروں کا گھر ہے۔**
ہمارے ہر عمل کا مرکز عوام ہوتے ہیں۔ ہمیں اپنی متنوع کمیونٹی سے توانائی ملتی ہے، ہم سرمایہ کاری کے لیے کشش پیدا کرتے ہیں اور ہم ٹیکنالوجی اور ماحولیاتی جدت میں رہنما کردار ادا کرنے کے سفر پر نکل رہے ہیں۔ ہم اس لیے شراکت داری کرتے ہیں تاکہ ہم ایک ایسا صحت مندانہ شہر بنا سکیں جو محفوظ، قابل دوام اور کامیاب ہو۔ ہمارے ساتھ ٹویٹر، فیس بک، اور انسٹاگرام پر مربوط ہوں۔ مزید یہاں جانیں: www.brampton.ca.

**میڈیا کنٹیکٹ**
سٹی آف برامپٹن ملٹی کلچرل میڈیا
multiculturalmedia@brampton.ca